مسلمانوں کے تیسرے خلیفہ حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ

کی عظمت وشان ظاہر کرنے والی 40 حدیثوں کا مجموعہ بنام

اَربعینِ عثمانی

پیشکش

شعبہ دعوتِ اسلامی کے شب وروز

کتاب پڑھنے کی دعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دعا پڑھ لیجئے ان شاء اللہ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَیْنَا حِکْمَتَکَ وَانْشُرْ عَلَیْنَا رَحْمَتَکَ یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

(مستطرف، ج1، ص40 دار الفکر بیروت)

(اول آخر ایک بار درود شریف پڑھ لیجئے)

نام رسالہ : اَربعینِ عثمانی

مؤلف : مولانا ابو الحسان کاشف شہزاد عطاری مدنی اسکالر المدینۃ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر دعوتِ اسلامی)

پروف ریڈنگ : مولانا غیاث الدین عطاری مدنی اسکالر المدینۃ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر دعوتِ اسلامی)

نظرِ ثانی : مولانا عمر فیاض عطاری مدنی اسکالر المدینۃ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر دعوتِ اسلامی)

صفحات : 29

اشاعتِ اول : (آن لائن): ذو الحجۃ الحرام ۱۴۴۳ھ، جولائی 2022ء

پیشکش : دعوتِ اسلامی کے شب و روز، المدینۃ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر دعوتِ اسلامی)

shaboroz@dawateislami.net

دعوت اسلامی کے شب و روز

For More Updates
news.dawateislami.net

شب و روز
دعوتِ اسلامی کے

مسلمانوں کے تیسرے خلیفہ حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ

کی عظمت وشان ظاہر کرنے والی 40 حدیثوں کا مجموعہ بنام

اَربعینِ عثمانی

مؤلف : مولانا ابو الحسان کاشف شہزاد عطاری مدنی اسکالر المدینۃ العلمیہ (اسلامک ریسرچ سینٹر دعوتِ اسلامی)

پیشکش
شعبہ دعوتِ اسلامی کے شب و روز

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ ط اَمَّا بَعْدُ!
فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

درود شریف پڑھنے والے پر رحمت کا نُزول

فرمانِ مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہے: مسلمان جب تک مجھ پر درود شریف پڑھتا رہتا ہے فرشتے اُس پر رحمتیں بھیجتے رہتے ہیں، اب بندے کی مرضی ہے کہ وہ (درود شریف) کم پڑھے یا زیادہ۔ (ابن ماجہ، ج 1، ص 490، حدیث: 907)

صَلُّوْا عَلَی الْحَبِیْب　　　صَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّد

مُنْفَرِد اعزاز

یوں تو اللہ پاک کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک صحبت پانے اور پھر ایمان کی حالت میں دنیا سے جانے والا ہر مسلمان (یعنی صحابیٔ رسول) اہلِ ایمان کے سر کا تاج اور دل کی راحت ہے لیکن حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی تو شان ہی نرالی ہے۔ اللہ پاک کے کسی نبی علیہ السلام کا داماد ہونا ایک بہت بڑا اعزاز ہے جو خوش نصیب انسانوں کو ہی نصیب ہوتا ہے لیکن حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے علاوہ کسی شخص کے نکاح میں کسی نبی علیہ السلام کی دو بیٹیاں نہیں آئیں۔ اسی وجہ سے آپ کو "ذُوالنُّورَین" یعنی "دو نور والا" کہا جاتا ہے۔

(السنن الکبرٰی للبیہقی، 115/7، حدیث: 13427)

سرکارِ دوعالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعلانِ نبوت سے پہلے اپنی شہزادی حضرت رُقَیّہ رضی اللہ عنہا کا نکاح حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ سے کیا تھا، غزوۂ

www.dawateislami.net

بدر کے موقع پر ان کا انتقال ہوا تو پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی دوسری شہزادی حضرت اُمِّ کلثوم رضی اللہ عنہا کا نکاح بھی آپ سے کر دیا۔(تاریخ الخلفاء، ص118)

اعلیٰ حضرت، امامِ اہلِ سنت امام احمد رضا خان رحمۃ اللہ علیہ اس بات کی طرف اشارہ کرتے ہوئے لکھتے ہیں:

نور کی سرکار سے پایا دوشالہ نور کا

ہو مبارک تم کو ذُو النُّوْرَیْن جوڑا نور کا (حدائقِ بخشش، ص246)

حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے یومِ شہادت 18 ذوالحجۃ الحرام کی مناسبت سے 40 حدیثوں کا مجموعہ بنام "اَرْبَعِیْنِ عُثمانی" پیشِ خدمت ہے۔ احادیث کے عربی کلمات پر اعراب لگانے، شرح ذکر کرنے اور حَتَّی الْاِمکان (جہاں تک ہوسکے، As far as possible) آسان الفاظ استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن پھر بھی علم کی مشکلات مکمل طور پر دور نہیں ہوسکتیں۔

احادیث کی اسنادی حیثیت کا بیان

"اَرْبَعِیْنِ عُثمانی" میں ہر حدیث کے بعد بریکٹ میں حوالے (Reference) کے علاوہ حدیث کی اسنادی حیثیت بھی بیان کی گئی ہے۔ ہماری تحقیق کے مطابق ان 40 میں سے 15 حدیثیں صحیح، 7 حدیثیں حَسَن، 1 حدیث حَسَن لِغَیرِہٖ جبکہ 17 حدیثیں ضعیف ہیں۔ اسنادی حیثیت کی تَعیِین کے سلسلے میں بالخصوص مولانا زبیر عطاری مدنی اور مولانا نعیم احمد عطاری نے تعاون فرمایا، اللہ کریم ان دونوں حضرات کو دنیا و آخرت کی ڈھیروں بھلائیاں عطا فرمائے۔

www.dawateislami.net

اس بات کے دلائل ہم ”اَرْبَعِینِ حیدری“ میں پیش کرچکے ہیں کہ فضائل کے معاملے میں ضعیف حدیث بھی مقبول ہوتی ہے۔

تمام عاشقانِ رسول سے گزارش ہے کہ ”اَرْبَعِیْنِ عُثمانی“ کا خود مطالعہ فرمائیں، دوسرے عاشقانِ رسول تک پہنچائیں اور اگر اس میں کسی بھی قسم کی غلطی پائیں تو ہمیں اس میل آئی ڈی (shaboroz@dawateislami.net) پر ضرور مطلع فرمائیں، ان شاءاللہ اس غلطی کو دور کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے گی۔

شانِ عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ بزبانِ مکی مدنی صلی اللہ علیہ وسلم

(1) لِكُلِّ نَبِيٍّ رَفِيقٌ فِي الْجَنَّةِ وَرَفِيقِي فِيهَا عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ یعنی جنت میں ہر نبی کا کوئی (خاص) ساتھی ہوتا ہے اور میرے (خصوصی) ساتھی عثمان ہیں۔

(ابن ماجہ، 1/ 78، حدیث:109، **اسنادہ ضعیف**)

شرح

حضرت علامہ نورُ الدّین علی بن سلطان قاری رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث شریف کے تحت لکھتے ہیں: یہ فرمانِ عالی شان صحابۂ کرام علیہم الرضوان میں سے کسی اور کے لئے رَفاقت کے خلاف نہیں ہے بلکہ اس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ہر نبی علیہ السلام کے لئے کوئی خاص رفیق ہوتا ہے جبکہ رحمتِ عالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لئے کئی خاص رُفقاء ہیں۔ حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کو خصوصاً ذکر کرنے میں آپ کے بلند و بالا مقام و مرتبے کی طرف اشارہ ہے۔ (مرقاۃ المفاتیح، 10/ 432)

(2) حضرت سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے: میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ موجود تھا کہ ایک شخص نے حاضر ہو کر ہاتھ ملانے کا شرف

www.dawateislami.net

حاصل کیا۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا مبارک ہاتھ نہ کھینچا یہاں تک کہ اس شخص نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا اور پھر عرض گزار ہوا: یارسول اللہ! عثمان آرہے ہیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اُمْرُؤٌ مِّنْ اَہْلِ الْجَنَّۃِ یعنی وہ ایک جنتی آدمی ہیں۔ (معجم اوسط، 1/99، حدیث:300، **اسنادہ ضعیف**)

(3) عُثْمَانُ فِی الْجَنَّۃِ یعنی عثمان جنتی ہیں۔ (ابوداؤد، 4/279، حدیث:4649، **اسنادہ صحیح**)

شرح

امام محمد عبد الرؤف مُناوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یعنی آپ رضی اللہ عنہ سب سے پہلے جنت میں جانے والے خوش نصیبوں کے ہمراہ داخلِ جنت ہوں گے۔

(فیض القدیر، 4/399، تحت الحدیث:5379)

(4) حضرت سیدنا ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ایک باغ میں تشریف لے گئے اور مجھے باغ کے دروازے کی حفاظت کا حکم فرمایا۔ ایک صاحب نے دروازے پر آکر حاضری کی اجازت طلب کی۔ ارشاد فرمایا: انہیں آنے کی اجازت دو اور جنت کی خوش خبری بھی سنادو، یہ آنے والے حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ تھے۔ اس کے بعد ایک اور صاحب نے اجازت طلب کی، ان سے متعلق بھی یہی ارشاد ہوا کہ انہیں اجازت دو اور جنت کی بشارت سناؤ، یہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ تھے۔ اس کے بعد تیسرے صاحب نے حاضری کی اجازت مانگی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ تَوَقُّف کرنے کے بعد ارشاد فرمایا: اِئْذَنْ لَہٗ وَبَشِّرْہُ بِالْجَنَّۃِ عَلٰی بَلْوٰی سَتُصِیْبُہٗ یعنی انہیں آنے کی اجازت دو اور جنت کی خوش خبری بھی سناؤ ایک مصیبت کے ساتھ

جو عنقریب انہیں پہنچے گی۔ یہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ تھے، جب میں نے آپ کو یہ فرمانِ مصطفٰی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سنایا تو آپ نے (جنت کی خوشخبری پر) حمدِ خداوندی بجا لانے کے بعد فرمایا: (اس مصیبت پر صبر کرنے کے معاملے میں) اللہ مددگار ہے۔

(بخاری، 2/529، حدیث: 3693، 3695، لمعات التنقیح، 9/648، **اسنادہ صحیح**)

(5) حضرت سیدنا عبد اللہ بن حوالہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے (غیبی خبر دیتے ہوئے) ارشاد فرمایا: **ذَاتَ يَوْمٍ تَهْجُمُوْنَ عَلٰى رَجُلٍ مُعْتَجِرٍ بِبُرْدَةٍ يُبَايِعُ النَّاسَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ** یعنی ایک دن تم لوگ ایک ایسے جنتی شخص کے پاس داخل ہوگے جو سر پر چادر اوڑھے ہوئے لوگوں سے بیعت لے رہا ہوگا۔ پھر جب (خلافتِ عثمانی کے آغاز کے موقع پر) میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس گیا تو وہ سر پر دھاری دار چادر اوڑھے ہوئے لوگوں سے بیعت لے رہے تھے۔

(مستدرک، 6/77، حدیث: 4589، **اسنادہ صحیح**)

(6) حضرت سیّدُنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے ایک بار ایک مقام پر پہنچ کر پانی منگوایا اور وضو کیا، پھر اچانک مُسکرانے اور ساتھیوں سے فرمانے لگے: تم مجھ سے کیوں نہیں پوچھتے کہ میں کیوں مسکرایا؟ حاضرین نے عرض کیا: اے امیرُ المؤمنین! آپ کیوں مسکرائے؟ ارشاد فرمایا: میں نے رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے اس جگہ کے قریب ہی پانی منگوا کر وضو فرمایا جیسا کہ میں نے وضو کیا ہے، اس کے بعد مسکرائے اور فرمایا: تم مجھ سے کیوں نہیں پوچھتے کہ میں کیوں مسکرایا؟ لوگوں نے عرض کیا: یارسول اللہ! آپ کیوں مسکرائے؟ ارشاد فرمایا: جب آدمی وُضو کے لئے پانی منگوا کر چہرہ دھوتا ہے تو اللہ پاک اس کے چہرے کے گناہوں کو دور فرمادیتا ہے، کلائیاں دھونے سے کلائیوں کے، سر کا مَسح کرنے سے

www.dawateislami.net

سر کے اور پاؤں دھونے سے پاؤں کے گناہ دور ہو جاتے ہیں۔ (مُسندِ احمد، 1/130، حدیث:415، اسنادہ صحیح)

وُضُو کر کے خَنداں ہوئے شاہِ عثماں　　کہا: کیوں تَبسُّم بھلا کر رہا ہوں؟
جوابِ سُوالِ مخاطب دیا پھر　　کسی کی ادا کو ادا کر رہا ہوں

(7) اللہ کے آخری نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے رُومہ نامی کنواں خرید کر مسلمانوں پر صدقہ کرنے کی ترغیب دلائی تو حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے 400 دینار کے بدلے اس کنویں کو خریدا اور مسلمانوں پر صدقہ کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ آلہ وسلم کو اس بات کی خبر ملی تو آپ نے دعا فرمائی: اَللّٰھُمَّ اَوْجِبْ لَہُ الْجَنَّۃَ یعنی اے اللہ! عثمان کے لئے جنت کو لازم فرما دے۔ (الطبقات الکبریٰ، 1/392، **اسنادہ ضعیف**)

(8) شہزادیٔ رسول حضرت سیدہ اُمِ کلثوم رضی اللہ عنہا نے بار گاہِ رسالت میں حاضر ہو کر سوال کیا: یارسول اللہ! کیا فاطمہ کے شوہر (علی المرتضیٰ) میرے شوہر (عثمانِ غنی) سے افضل ہیں؟ سرکارِ دوعالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ دیر خاموش رہنے کے بعد ارشاد فرمایا: زَوْجُكِ يُحِبُّهُ اللهُ وَرَسُوْلُهٗ وَيُحِبُّ اللهَ وَرَسُوْلَهٗ وَاَزِيْدُكِ لَوْقَدْ دَخَلْتِ الْجَنَّةَ فَرَاَيْتِ مَنْزِلَهٗ لَمْ تَرَىْ اَحَدًا مِّنْ اَصْحَابِيْ يَعْلُوْهُ فِيْ مَنْزِلَتِهٖ یعنی تمہارے شوہر سے اللہ و رسول محبت فرماتے ہیں اور وہ اللہ و رسول سے محبت کرتے ہیں۔ ایک بات مزید بتادوں، اگر تم جنت میں جا کر اپنے شوہر کا ٹھکانہ دیکھو تو میرے صحابہ میں سے کسی کا ٹھکانہ ان سے بلند و بالا نہیں دیکھو گی۔

(مجمع الزوائد، 9/100، حدیث: 14532، **اسنادہ ضعیف**)

www.dawateislami.net

ضروری وضاحت

اے عاشقانِ رسول! اس حدیث شریف سے حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی عظمت وشان اور جنت میں آپ کے بلند وبالا مقام ومرتبے کا اظہار ہوتا ہے، لیکن یاد رہے! قراٰن وحدیث کی روشنی میں مسلمانوں کا یہ عقیدہ ہے کہ نبیوں اور رسولوں کے بعد اللہ پاک کی ساری مخلوق سے افضل حضرت سیدنا ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ ہیں، ان کے بعد حضرت سیدنا عمر فاروقِ اعظم رضی اللہ عنہ افضل ہیں، ان کے بعد حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ اور پھر حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ افضل ہیں۔ صدرُ الشریعہ مفتی محمد امجد علی اعظمی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: بعد انبیا و مُرسلین، تمام مخلوقاتِ الٰہی اِنس و جن و مَلَك سے افضل صدیق اکبر ہیں، پھر عمر فاروقِ اعظم، پھر عثمٰنِ غنی، پھر مولیٰ علی رضی اللہ تعالیٰ عنہم۔ (بہارِ شریعت، 1/241)

(9) لَيَدْخُلَنَّ بِشَفَاعَةِ عُثْمَانَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا كُلُّهُمْ قَدِ اسْتَوْجَبُوا النَّارَ الْجَنَّةَ بِغَيْرِ حِسَابٍ یعنی عثمان کی شفاعت کی بدولت 70 ہزار ایسے افراد جن پر دوزخ لازم ہوچکی ہوگی وہ بلا حساب وکتاب جنت میں داخل ہوں گے۔

(تاریخ دمشق، 39/122، **اسنادہ ضعیف**)

(10) حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے ایک شخص سے باغ خریدنے کے لئے بھاؤ تاؤ کیا یہاں تک کہ دونوں ایک قیمت پر راضی ہوگئے۔ آپ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اپنا ہاتھ آگے بڑھاؤ۔ راوی کا بیان ہے کہ وہاں کے لوگ سودے کے وقت ہاتھ ملا کر سودے کو پکا کرتے تھے۔ جب اس شخص نے یہ دیکھا تو کہنے لگا: میں آپ کو (اپنا باغ) نہیں بیچوں گا یہاں تک کہ آپ قیمت میں دس ہزار

www.dawateislami.net

کا اضافہ نہ کر دیں۔ حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے حضرت سیدنا عبد الرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہو کر فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّوَجَلَّ اَدْخَلَ الْجَنَّةَ رَجُلاً سَمْحًا بَائِعاً وَ مُبْتَاعاً وَ قَاضِياً وَ مُقْتَضِياً یعنی اللہ پاک نے ایک شخص کو جنت میں داخل فرمادیا جو خرید و فروخت میں، (کسی کا حق) ادا کرنے میں اور (اپنے حق کا) تقاضا کرنے میں نرمی سے کام لیتا تھا۔ (پھر اس شخص سے ارشاد فرمایا:) جاؤ! رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنی ہوئی اس حدیث کی وجہ سے میں تمہیں دس ہزار مزید دوں گا۔

(شعب الایمان، 7/536، حدیث: 11256، **اسنادہ حسن**)

شرح

حکیم ُالاُمّت مفتی احمد یار خان رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: بیچنے میں نرمی یہ ہے کہ گاہک کو کم یا خراب چیز دینے کی کوشش نہ کرے اور خریدنے میں نرمی یہ ہے کہ قیمت کَھری دے اور بخوبی ادا کرے، بیوپاری کو پریشان نہ کرے، تقاضے میں نرمی یہ ہے کہ جب اس کا کسی پر قرض ہو تو نرمی سے مانگے اور مجبور مقروض کو مہلت دے دے اس پر تنگی نہ کرے، جس میں یہ تین صفتیں جمع ہوں وہ اللہ کا مقبول بندہ ہے۔ (مراٰۃ المناجیح، 4/242)

(11) اَصْدَقُهُمْ حَيَاءً عُثْمَانُ یعنی میری امت میں سے سب سے سچے حیادار عثمان ہیں۔ (ابن ماجہ، 1/102، حدیث: 154، **اسنادہ صحیح**)

شرح

حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ اللہ پاک اور اس کی مخلوق سے بہت حیا فرمانے والے تھے یہاں تک کہ اپنی بیویوں سے اور تنہائی میں بھی شرم و حیا

www.dawateislami.net

فرماتے تھے۔ آپ کی اس شرم وحیا کی بدولت اللہ پاک کے فرشتے بھی آپ سے حیا کرتے تھے۔ حدیثِ پاک میں فرمایا گیا ہے: اِنَّ الْحَیَاءَ مِنَ الْاِیْمَانِ یعنی حیا ایمان سے ہے (بخاری، 1/19، حدیث:24) تو گویا کہ مذکورہ بالا حدیث میں یہ فرمایا گیا کہ سب سے زیادہ ایمان والے عثمان ہیں۔ ایک دوسری حدیث میں فرمایا گیا: اَلْحَیَاءُ لَا یَاْتِیْ اِلَّا بِخَیْرٍ یعنی شرم و حیا صرف بھلائی ہی لاتی ہے۔ (بخاری، 4/131، حدیث:6117) تو گویا کہ اوپر والی حدیث میں یہ فرمایا گیا کہ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ سے صرف خیر و بھلائی ہی ظاہر ہوتی ہے یا پھر آپ صرف خیر و بھلائی کا ہی ارتکاب فرماتے ہیں۔ (فیض القدیر، 1/588)

(12) ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے حجرے میں اس طرح آرام فرمارہے تھے کہ مبارک رانیں یا پنڈلیاں کھلی ہوئی تھیں۔ (اس دوران) حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے حاضری کی اجازت مانگی تو انہیں اسی حالت میں اجازت دی اور (ان سے) گفتگو فرمائی، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حاضری کا اِذن طلب کیا تو انہیں بھی اسی حالت میں اجازت دی اور (ان سے) گفتگو فرمائی۔ اس کے بعد حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے حاضری کی اجازت چاہی تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اٹھ کر بیٹھ گئے اور لباس مبارک کو درست فرمایا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خدمتِ اقدس میں حاضر ہو کر بات چیت کرتے رہے۔ جب آپ چلے گئے تو میں نے عرض کی: حضراتِ ابو بکر و عمر آئے تو آپ نے کچھ تَکَلُّف نہیں فرمایا لیکن حضرت عثمان کی آمد پر آپ اٹھ بیٹھے اور لباس کو درست فرمایا (اس کا کیا سبب ہے؟) نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اَلَا اَسْتَحِیْ مِنْ رَجُلٍ تَسْتَحِیْ مِنْهُ الْمَلَائِكَةُ یعنی کیا

www.dawateislami.net

میں اس مرد سے حیانہ کروں جس سے فرشتے بھی حیا کرتے ہیں۔(مسلم، ص1004، حدیث:6209،اسنادہ صحیح)

شرح

شیخِ محقق شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: سرکارِ دوعالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے حیا کرنے کا مطلب آپ کی تعظیم و توقیر کرنا ہے۔(لمعات التنقیح، 9/636)

امام ابنِ حجر ہیتمی مکی شافعی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: اس حدیثِ پاک میں حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی ایک عظیم فضیلت کا بیان ہے اور اس سے یہ بھی ظاہر ہے کہ فرشتوں کے نزدیک آپ کی کس قدر عظمت و منزلت ہے نیز یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ شرم وحیاء ایک اچھی صفت ہے جو فرشتوں کی صفات میں سے ہے۔(فتح الالٰہ، 10/578)

امام بدرالدین محمود بن احمد عینی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا: حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ سرکارِ دوعالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے داماد ہونے کی وجہ سے بھی اس بات کے زیادہ حقدار تھے کہ آپ سے حیا کی جائے کیونکہ انسان اپنے سسر کی نسبت داماد سے زیادہ حیا کرتا ہے۔(عمدۃ القاری، 11/426)

(13) ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ اور حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے مبارک بستر پر حضرت عائشہ صدیقہ کی چادر اوڑھ کر لیٹے ہوئے تھے کہ حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ نے حاضری کی اجازت چاہی۔ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسی حال میں انہیں اجازت دی اور وہ اپنی ضرورت پوری کرکے چلے گئے۔ اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے

www.dawateislami.net

حاضری کا اذن مانگا تو انہیں اسی حال میں اجازت عطا فرمائی اور وہ بھی اپنی ضرورت مکمل کر کے چلے گئے۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ پھر میں نے حاضری کا اذن مانگا تو رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اٹھ بیٹھے اور حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ارشاد فرمایا: اِجْمَعِي عَلَيْكِ ثِيَابَكِ یعنی اپنا لباس درست کرلو۔ میں حاضرِ خدمت ہو کر اپنی ضرورت پوری کر کے چلا گیا تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا عرض گزار ہوئیں: یارسول اللہ! کیا وجہ ہے کہ آپ نے حضراتِ ابو بکر و عمر کے لئے اس طرح اہتمام نہیں فرمایا جیسے حضرت عثمان کے لئے فرمایا۔ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِنَّ عُثْمَانَ رَجُلٌ حَيِيٌّ وَاِنِّي خَشِيْتُ اِنْ اَذِنْتُ لَهٗ عَلٰى تِلْكَ الْحَالِ اَنْ لَّا يَبْلُغَ اِلَيَّ فِي حَاجَتِهٖ یعنی عثمان ایک شرمیلے مرد ہیں۔ مجھے یہ اندیشہ تھا کہ اگر میں نے انہیں اسی حالت میں آنے کی اجازت دی تو وہ مجھ سے اپنی ضرورت بیان نہیں کر سکیں گے۔ (مسلم، ص1004، حدیث:6209، **اسنادہ صحیح**)

شرح

یعنی اگر ہم ان کے سامنے اسی بے تکلفی سے لیٹے رہے تو وہ اتنے شرمیلے ہیں کہ یہاں نہ بیٹھ سکیں گے، نہ مجھ سے بات کر سکیں گے، نہ وہ عرض پوری کر سکیں گے جس کے لئے وہ یہاں آئے تھے۔ (مراٰۃ المناجیح، 8/393)

(14) عُثْمَانُ رَجُلٌ ذُوْ حَيَاءٍ سَاَلْتُ رَبِّيْ اَنْ لَّا يُوْقِفَهٗ لِلْحِسَابِ فَشَفَّعَنِيْ یعنی عثمان ایک باحیا مرد ہیں۔ میں نے اپنے رب سے دعا کی کہ انہیں حساب لینے کے لئے کھڑا نہ کرے تو اس نے میری شفاعت قبول فرمالی۔ (تاریخ دمشق، 39/97، **اسنادہ ضعیف**)

www.dawateislami.net

(15)عُثْمَانُ اَحْيَا اُمَّتِيْ وَاَكْرَمُهَا یعنی عثمان میری امت میں سے سب سے زیادہ باحیا اور سخی ہیں۔(حلیۃ الاولیاء، 1/93، حدیث:157، اسنادہ ضعیف)

حیائے عثمانی: امام محمد عبد الرؤف مُناوی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: شرم و حیا ایک ایسا وصف ہے جس سے دیگر خوبیاں جنم لیتی ہیں۔ منقول ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم سے بیعت کرنے کے بعد حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے اپنا سیدھا ہاتھ کبھی شرم گاہ پر نہیں لگایا، اسلام لانے کے بعد سے آپ ہر جمعہ کو ایک غلام آزاد فرماتے، آپ کے آزاد کردہ غلاموں کی مجموعی تعداد تقریباً2400 ہے۔ آپ نے اسلام لانے سے پہلے اور بعد کبھی چوری یا زنا کا اِرتکاب نہ کیا اور سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کی حیاتِ ظاہری میں حفظِ قراٰن کا اعزاز پایا۔(فیض القدیر، 4/399)

(16)عبید اللہ خولانی رحمۃ اللہ علیہ کا بیان ہے کہ حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے جب مسجدِ نبوی شریف کی نئے سرے سے تعمیر کروائی تو اس پر کچھ لوگوں نے اعتراض کیا(اور کہا کہ مسجد شریف کو پہلے والی حالت پر ہی رہنے دیا جائے)۔ اس موقع پر حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: آپ لوگوں نے اس بارے میں بہت بات کی ہے، میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: مَنْ بَنٰی مَسْجِدًا لِلّٰهِ تَعَالٰی يَبْتَغِيْ بِهٖ وَجْهَ اللّٰهِ بَنَى اللّٰهُ لَهٗ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ یعنی جو اللہ پاک کے لئے مسجد بنائے اور اس عمل سے اللہ پاک کو راضی کرنے کا ارادہ کرے تو اللہ پاک اس کے لئے جنت میں گھر بنائے گا۔(مسلم، ص214، حدیث: 1189، اسنادہ صحیح)

(17)حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مَنْ يَّبْتَاعُ مِرْبَدَ بَنِيْ فُلَانٍ غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ یعنی جو فلاں لوگوں کی مِرْبَدَ (وہ زمین جس میں کھجوریں سکھائی جاتی ہیں)خرید لے، اللہ پاک اس کی

www.dawateislami.net

مغفرت فرمائے۔ میں نے وہ زمین 20 ہزار یا 25 ہزار میں خرید لی۔ جب میں نے بارگاہِ رسالت میں حاضر ہو کر اس بات کی خبر دی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اِجْعَلْهُ فِيْ مَسْجِدِنَا وَاَجْرُهُ لَكَ یعنی اس زمین کو ہماری مسجد میں شامل کر دو، اس کا ثواب تمہیں ملے گا۔ (نسائی، ص518، حدیث:3179، **اسنادہ حسن**)

(18) مَنْ جَهَّزَ جَيْشَ الْعُسْرَةِ فَلَهُ الْجَنَّةُ یعنی جو تنگی والے لشکر (غزوۂ تبوک) کے لئے تیاری کا سامان مہیا کرے تو اس کے لئے جنت ہے۔ (یہ فرمانِ عالیشان سن کر) حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے لشکر کے لئے سامان پیش کیا۔

(بخاری، 2/529، **صحیح**)

(19) سرکارِ نامدار صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مسلمانوں کو غزوۂ تبوک کے لئے (راہِ خدا میں) خرچ کرنے کی ترغیب دلا رہے تھے کہ حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کھڑے ہو کر عرض گزار ہوئے: یارسول اللہ! ایک سو اونٹ تمام ضروری سامان کے ہمراہ اللہ کی راہ میں دینے کی ذمہ داری لیتا ہوں۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لوگوں کو دوبارہ ترغیب دلائی تو آپ نے 200 اونٹ اور تیسری بار ترغیب دلانے پر 300 اونٹ تمام ضروری سامان سمیت پیش کرنے کی نیت فرمائی۔ اس پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ فرماتے ہوئے منبر شریف سے نیچے تشریف لے آئے: مَا عَلٰى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهٖ مَا عَلٰى عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ هٰذِهٖ یعنی اس کے بعد عثمان جو کچھ کرے اس پر مؤاخذہ نہیں، اس کے بعد عثمان جو کچھ کرے اس پر مؤاخذہ نہیں۔

(ترمذی، 5/391، حدیث:3720، **اسنادہ ضعیف**)

www.dawateislami.net

شرح

شیخِ محقق شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اس حدیث شریف کے تحت لکھتے ہیں: یعنی یہ نیکی کرنے کے بعد ان کے کسی عمل پر انہیں گناہ نہیں ملے گا، مراد یہ ہے کہ ان کا یہ عمل ان کی تمام خطاؤں کے لئے کفارہ بن گیا ہے۔ یہ فرمانِ عالیشان ایسے ہی ہے جیسے اہلِ بدر سے متعلق فرمایا گیا: لَعَلَّ اللهَ اِطَّلَعَ عَلٰی اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ یعنی بے شک اللہ پاک نے اہلِ بدر کی طرف خصوصی توجہ کرکے ارشاد فرمایا: تم جو چاہے کرو، تحقیق میں نے تمہیں بخش دیا ہے۔ (مسلم، ص1040، حدیث:6401، لمعات التنقیح، 9/638)

امام شرف الدین حسین بن محمد طِیبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یعنی اگر عثمان فرائض کے علاوہ کوئی نفل عبادت نہ کریں تو بھی کوئی حرج نہیں کیونکہ ان کی یہ نیکی ان کے لئے تمام نفل عبادتوں کے برابر ہے۔ (شرح الطیبی، 11/256، تحت الحدیث:6072)

حضورِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تین بار چندہ کی اپیل کی۔ ہر بار میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے سو، دو سو، تین سو اونٹ کا مع سامان کے اعلان کیا، کسی کو بولنے کا موقع ہی نہ دیا، چھ سو اونٹ مع سامان کا بھی اعلان کیا اور ایک ہزار اشرفیوں کا بھی جیسا کہ دوسری روایات میں ہے۔ خیال رہے کہ یہ تو ان کا اعلان تھا مگر حاضر کرنے کے وقت 950 اونٹ، پچاس گھوڑے اور ایک ہزار اشرفیاں پیش کیں، پھر بعد میں دس ہزار اشرفیاں اور پیش کیں۔ (مراٰۃ المناجیح، 8/395)

زاہدِ مسجد احمدی پر درود
دولتِ جیشِ عُسرت پہ لاکھوں سلام (حدائقِ بخشش، ص312)

www.dawateislami.net

(20)غزوۂ تبوک کے موقع پر حضرت سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ ایک ہزار دینار (سونے کی اشرفیاں) اپنی آستین میں لائے اور پیارے آقا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گود میں ڈال دیں۔ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان اشرفیوں کو الٹ پلٹ کر ملاحظہ فرمانے لگے اور پھر دو مرتبہ ارشاد فرمایا: مَاضَرَّ عُثْمَانَ مَا عَمِلَ بَعْدَ الْيَوْمِ یعنی آج کے بعد عثمان جو بھی کریں ان کا کوئی عمل انہیں نقصان نہ دے گا۔

(ترمذی،5/392، حدیث:3721، **اسنادہ حسن**)

شرح

اس فرمان عالی میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کو تین بشارتیں دی گئیں: ایک یہ کہ ان کے سارے گزشتہ گناہ اور خطائیں معاف ہو گئیں، ان کا آج کا یہ عمل ان کا کفارہ بن گیا۔ دوسرے یہ (کہ) آئندہ وہ گناہوں سے محفوظ رہیں گے۔ تیسرے یہ کہ ان کا خاتمہ ایمان پر ہو گا۔ (مرآۃ المناجیح،8/396)

(21)حضرت سیدنا ابو مسعود رضی اللہ عنہ کا بیان ہے: ہم ایک جہاد کے موقع پر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہمراہ موجود تھے کہ لوگوں کو کھانے پینے کے سامان کی کمی کا سامنا ہوا یہاں تک کہ میں نے مسلمانوں کے چہرے پر غم جبکہ منافقین کے چہرے پر خوشی کے آثار دیکھے۔ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ معاملہ ملاحظہ کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: وَاللهِ لَا تَغِيْبُ الشَّمْسُ حَتّٰى يَاتِيَكُمُ اللهُ بِرِزْقٍ یعنی اللہ پاک کی قسم! سورج غروب ہونے سے پہلے اللہ کریم تمہیں رزق عطا فرمادے گا۔ (یہ سن کر) حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کو یقین ہو گیا کہ اللہ پاک اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس خبر کو پورا کر دیں گے، چنانچہ آپ

www.dawateislami.net

نے کھانے کے سامان سے لدے ہوئے 14 اونٹ خریدے اور ان میں سے 9 بارگاہِ رسالت میں پہنچادیئے۔ جب نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے بارے میں دریافت کیا تو عرض کیا گیا کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں یہ تحفہ بھیجا ہے۔ اس موقع پر مسلمانوں کے چہرے پر خوشی جبکہ منافقین کے چہرے پر غم کے آثار نمایاں ہوئے اور میں نے سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا کہ آپ نے دونوں مبارک ہاتھ اس طرح اٹھا رکھے ہیں کہ بغلوں کی سفیدی دیکھی جاسکتی ہے اور حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے لئے ایسی دعا فرمارہے ہیں کہ اس سے پہلے اور اس کے بعد میں نے آپ کو کسی کے لئے ایسی دعا کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔ (معجم اوسط، 5/258، حدیث: 7255، **اسنادہ حسن**)

(22) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی شہزادی کے پاس تشریف لائے تو وہ (اپنے شوہر) حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا سر دھو رہی تھیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: **يَا بُنَيَّةُ اَحْسِنِيْ اِلٰى اَبِي عَبْدِ اللهِ فَاِنَّهٗ اَشْبَهُ اَصْحَابِيْ بِيْ خُلُقًا** یعنی اے میری بیٹی! ابو عبد اللہ کے ساتھ اچھا سلوک کرو کیونکہ یہ میرے ان صحابہ میں سے ہیں جن کی سیرت میری سیرت سے بہت مُشابہ (یعنی ملتی جلتی) ہے۔

(معجم کبیر، 1/76، حدیث: 98، **اسنادہ ضعیف**)

(23) حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ اپنی زوجہ، شہزادیٔ رسول حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا کے ہمراہ جب ہجرت کرکے حبشہ چلے گئے تو کچھ عرصے تک ان دونوں کی کوئی خبر نہ آئی۔ رحمتِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر سے باہر تشریف لاکر ان کے بارے میں کسی خبر سے متعلق دریافت فرماتے تھے۔ ایک دن ایک عورت نے آکر ان کی خبر پہنچائی تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اِنَّ

www.dawateislami.net

عُثْمَانَ اَوَّلُ مَنْ هَاجَرَ اِلَى اللهِ بِاَهْلِهٖ بَعْدَ لُوْطٍ یعنی حضرت لوط علیہ السلام کے بعد عثمان وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے اپنی اہلیہ کے ہمراہ اللہ پاک کی طرف ہجرت کی۔(معجم کبیر، 1/90، حدیث:143، **اسنادہ ضعیف**)

شرح

اسلام کے ابتدائی دور میں جب مشرکین کے مظالم دن بدن بڑھنے لگے تو رحمتِ عالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسلمانوں کو حبشہ کی طرف ہجرت کا حکم دیا اور ارشاد فرمایا: حبشہ میں ایک ایسا بادشاہ موجود ہے جس کے یہاں کسی پر ظلم نہیں کیا جاتا۔ اگر تم وہاں چلے جاؤ تو اللہ پاک تمہارے لئے کشادگی فرمادے گا۔ اس فرمانِ عالیشان پر مسلمانوں نے دو مرتبہ حبشہ کی طرف ہجرت کی جس میں سے پہلی ہجرت اعلانِ نبوت کے 5ویں سال رجب کے مہینے میں ہوئی۔ پہلی بار ہجرت کرنے والے مسلمانوں کی تعداد ایک قول کے مطابق 15 تھی جن میں سے 11 مرد اور 4 عورتیں تھیں۔ یہ حضرات پیدل سمندر تک گئے اور پھر وہاں سے آدھے دینار پر کشتی کرائے پر لے کر حبشہ پہنچے۔ اس ہجرت کے لئے پہل کرنے والے حضرت عثمانِ غنی اور آپ کی زوجہ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہما تھے۔ اس ہجرت کے بعد کچھ عرصے تک ان حضرات کی کوئی خیر خبر موصول نہ ہوئی یہاں تک کہ ایک عورت نے حاضر ہو کر بارگاہِ رسالت میں عرض کیا: میں نے ان دونوں کو اس حال میں دیکھا ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اپنی زوجہ کو سواری پر بٹھا کر کہیں لے جارہے تھے۔(فتح الباری، 8/161)

www.dawateislami.net

(24) حضرت سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے: حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے غزوۂ بدر سے غیر حاضری کا سبب یہ تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحبزادی ان کی زوجیت میں تھیں اور وہ بیمار تھیں۔ نبیٔ کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے ارشاد فرمایا: اِنَّ لَكَ اَجْرَ رَجُلٍ مِّمَّنْ شَهِدَ بَدْرًا وَسَهْمَهٗ یعنی تمہیں غزوۂ بدر میں شریک ہونے والے ایک مرد کے برابر ثواب بھی ملے گا اور مالِ غنیمت میں سے حصہ بھی۔ (بخاری، 2/352، حدیث: 3130، اسنادہ صحیح)

شرح

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی حضرت رقیہ (رضی اللہ عنہا) حضرت عثمان ذوالنورین رضی اللہ عنہ کی زوجیت میں تھیں اور غزوۂ بدر کے موقع پر سخت علیل اور جاں بلب تھیں حتی کہ اسی اَثناء (درمیان) میں وِصال فرما گئیں۔ ان کی تیمار داری کے لئے حضرت عثمان کو حکم ہوا کہ گھر ہی رہو، تم کو غزوے میں شرکت کا ثواب بھی ملے گا اور مالِ غنیمت سے حصہ بھی۔ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم جب بدر سے مدینۂ طیبہ واپس ہوئے تو وہ دفن بھی ہو چکی تھیں، فتح کی بشارت لے کر جب زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ مدینۂ طیبہ پہنچے تو دفنائی جا رہی تھیں۔ جس صبح کو ان کا وصال ہوا اسی دن حضورِ اقدس صلی اللہ تعالی علیہ وسلم مدینۂ طیبہ پہنچے۔ (نزہۃ القاری، 4/233)

(25) غزوۂ بدر کے دن رسولُ اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا: اِنَّ عُثْمَانَ اِنْطَلَقَ فِيْ حَاجَةِ اللهِ وَحَاجَةِ رَسُوْلِ اللهِ وَاِنِّيْ اُبَايِعُ لَهٗ یعنی عثمان اللہ کے کام اور اس کے رسول کے کام کے لئے گئے ہیں، ان کی طرف سے

www.dawateislami.net

میں بیعت کرتا ہوں۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مالِ غنیمت میں ان کے لئے حصہ مقرر فرمایا اور ان کے علاوہ کسی اور غیر حاضر شخص کا حصہ مقرر نہیں فرمایا۔(ابوداؤد، 3/98، حدیث:2726، **اسنادہ حسن**)

شرح

یہ فرمانِ عالی بدر کی غنیمت تقسیم فرماتے وقت کا ہے۔خیال رہے کہ جنابِ رقیہ (رضی اللہ عنہا) کی تیارداری حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت تھی مگر اس کو اللہ رسول کا کام فرمایا گیا۔ معلوم ہوا کہ حضور کی فرمانبرداری رب تعالی کی اطاعت ہے۔(اس موقع پر) حضورِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا بایاں (Left) ہاتھ اٹھایا اور فرمایا کہ یہ عثمان کا ہاتھ ہے اور اپنے داہنے (Right) ہاتھ کو فرمایا کہ یہ ہمارا ہاتھ ہے اور خود ہی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف سے بیعت کی۔ اس بیعتِ عثمان کا واقعہ دوبار ہوا: ایک تو غزوۂ بدر میں، دوسرے بیعتُ الرضوان کے موقع پر مقامِ حدیبیہ میں، یہ ہے حضرت عثمان کی شان رضی اللہ عنہ۔

دستِ حبیبِ خدا جو کہ یَدُ اللہ تھا
ہاتھ بنا آپ کا، آپ وہ ذی شان ہیں (مراٰۃ المناجیح، 5/601)

(26) مَا زَوَّجْتُ عُثْمَانَ أُمَّ كُلْثُومٍ اِلَّا بِوَحْيٍ مِّنَ السَّمَاءِ یعنی میں نے عثمان کا ام کلثوم سے نکاح آسمان سے آنے والی وحی (یعنی اللہ پاک کے حکم) کی وجہ سے کیا ہے۔(معجم اوسط، 4/77، حدیث:5269، **اسنادہ ضعیف**)

(27) يَا عُثْمَانُ هَذَا جِبْرِيلُ أَخْبَرَنِي أَنَّ اللهَ قَدْ زَوَّجَكَ أُمَّ كُلْثُومٍ بِمِثْلِ صَدَاقِ رُقَيَّةَ عَلَى مِثْلِ صُحْبَتِهَا یعنی اے عثمان! یہ جبرائیل ہیں جنہوں نے مجھے

www.dawateislami.net

یہ خبر دی ہے کہ اللہ پاک نے تمہارا نکاح رقیہ کے مہر جتنے مہر پر امِ کلثوم سے فرمادیا ہے اور انکے ساتھ بھی ویساہی حسنِ سلوک لازم ہو گا۔

(ابن ماجہ، 1/ 79، حدیث:110، **اسنادہ ضعیف**)

شرح

ظاہر یہ ہے کہ خود اللہ پاک نے یہ نکاح فرمادیا جیسا کہ ازواجِ مطہرات کا معاملہ ہے ، مثلاً ام المؤمنین حضرت زینب رضی اللہ عنہا کے بارے میں اللہ پاک نے ارشاد فرمایا: فَلَمَّا قَضٰى زَيْدٌ مِّنْهَا وَطَرًا زَوَّجْنٰكَهَا ترجمۂ کنز العرفان: پھر جب زید نے اس سے حاجت پوری کرلی تو ہم نے آپ کا اس کے ساتھ نکاح کر دیا۔

(پ22، احزاب:37، حاشیہ سندی علی ابن ماجہ، 1/ 79)

(28) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی اس شہزادی کی قبر کے پاس کھڑے ہوئے جو حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے نکاح میں تھیں (یعنی حضرت امِ کلثوم رضی اللہ عنہا) اور ارشاد فرمایا: فَلَوْ كُنَّ عَشْرًا لَزَوَّجْتُهُنَّ عُثْمَانَ وَمَا زَوَّجْتُهُ اِلَّا بِوَحْيٍ مِّنَ السَّمَاءِ یعنی اگر میری دس بیٹیاں بھی ہوتیں تو میں ضرور (ایک کے بعد ایک) ان سب کا نکاح عثمان سے کر دیتا، اور میں نے صرف آسمان سے آنے والی وحی (یعنی اللہ پاک کے حکم) پر ان کے ساتھ (یکے بعد دیگرے اپنی دو بیٹوں کا) نکاح کروایا ہے۔

(معجم کبیر، 22/ 436، حدیث:1063، **اسنادہ ضعیف**)

(29) حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے نکاح میں موجود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شہزادی (حضرت امِ کلثوم رضی اللہ عنہا) کے وصال کے بعد نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابۂ کرام علیہم الرضوان سے ارشاد فرمایا: زَوِّجُوْا عُثْمَانَ لَوْ كَانَ لِيْ

www.dawateislami.net

ثَالِثَۃٌ لَزَوَّجْتُہٗ وَ مَا زَوَّجْتُہٗ اِلَّا بِالْوَحْیِ مِنَ اللہِ عَزَّوَجَلَّ یعنی عثمان کا نکاح کرواؤ۔ اگر میری کوئی تیسری (غیر شادی شدہ) بیٹی موجود ہوتی تو میں (اس سے) عثمان کا نکاح کروا دیتا اور میں نے عثمان کا (اپنی 2 بیٹیوں سے) نکاح صرف اللہ پاک کے حکم سے کروایا تھا۔ (معجم کبیر، 17/184، حدیث:490، **اسنادہ ضعیف**)

(30) ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے: (مجھے وہ وقت یاد ہے جب) اللہ کے محبوب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی مبارک پیٹھ کے ساتھ مجھ سے ٹیک لگا کر تشریف فرما تھے اور حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ حاضرِ خدمت تھے۔ جبرائیلِ امین علیہ السلام آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن نازل کر رہے تھے اور آپ حضرت عثمان سے ارشاد فرما رہے تھے: اُکْتُبْ یَا عُثَیْمُ یعنی اے عثمان! لکھو۔ اللہ پاک نے آپ کو یہ مقام و مرتبہ اس لئے عطا فرمایا کیونکہ آپ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یہاں عزت والے تھے۔

(مسند احمد، 10/101، حدیث:26190، **اسنادہ حسن لغیرہ**)

شرح

سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کو "یَا عُثَیْمُ" کہہ کر پکارنا محبت اور شفقت کے طور پر تھا۔ اس روایت سے بارگاہِ رسالت میں آپ کا مقام و مرتبہ ظاہر ہوتا ہے اور یہ بھی پتہ چلتا ہے کہ آپ کاتِبینِ وحی میں سے ہیں۔ (زرقانی علی المواہب، 4/541)

(31) اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک بار صحابۂ کرام علیہم الرضوان سے ارشاد فرمایا: لِیَنْہَضْ کُلُّ رَجُلٍ مِّنْکُمْ اِلٰی کُفُوِہٖ یعنی تم میں سے ہر شخص اٹھ کر

www.dawateislami.net

اپنے ہم پَلّہ کے پاس چلا جائے۔ یہ فرما کر نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اٹھ کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے پاس تشریف لائے اور انہیں گلے لگا کر ارشاد فرمایا: اَنْتَ وَلِیِّیْ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ یعنی تم دنیا و آخرت میں میرے دوست ہو۔

(مستدرک، 6/75، حدیث: 4586، **اسنادہ ضعیف**)

(32) اِنِّیْ سَاَلْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانٍ حَاجَۃً سِرًّا فَقَضَاھَا سِرًّا فَسَاَلْتُ اللہَ اَنْ لَّا یُحَاسِبَ عُثْمَانَ یعنی میں نے پوشیدہ طور پر عثمان بن عفان سے ایک ضرورت کا ذکر کیا تو انہوں نے خفیہ طور پر اسے پورا کر دیا، اس پر میں نے اللہ پاک سے دعا فرمائی کہ وہ عثمان سے حساب و کتاب نہ لے۔

(تحفۃ الصدیق فی فضائل ابی بکر الصدیق، ص 123، **اسنادہ ضعیف**)

(33) یَا عُثْمَانُ اِنَّہٗ لَعَلَّ اللہَ یُقَمِّصُكَ قَمِیصًا فَاِنْ اَرَادُوْكَ عَلٰی خَلْعِہٖ فَلَا تَخْلَعْہُ لَھُمْ یعنی اے عثمان! اللہ پاک تمہیں ایک قمیص پہنائے گا، اگر لوگ تم سے وہ قمیص اُتارنا چاہیں تو تم ان کی وجہ سے اُسے مت اتارنا۔ (ترمذی، 5/394، حدیث: 3725، **اسنادہ صحیح**)

شرح

یعنی اللہ تعالیٰ آپ کو خِلافت عطا فرمائے گا۔ لوگ تم کو معزول کرنا چاہیں گے، تم ان کے کہنے سے خلافت سے دَسْت بَرْدار نہ ہونا کیونکہ تم حق پر ہو گے وہ باطل پر۔ (مراۃ المناجیح، 8/402) جب باغیوں نے حضرت سیدنا عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کے گھر کا محاصرہ کیا اور آپ سے خلافت سے دست برداری کا مطالبہ کیا تو اسی فرمانِ عالی شان کے پیشِ نظر آپ نے دست برداری سے انکار فرما دیا۔ (مرقاۃ المفاتیح، 10/442)

www.dawateislami.net

یعنی عثمان صاحبِ قمیصِ ہُدیٰ
حُلّہ پوشِ شہادت پہ لاکھوں سلام (حدائقِ بخشش، ص312)

(34) سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے اپنے مرضِ وصال میں ارشاد فرمایا: وَدِدْتُ اَنَّ عِنْدِیْ بَعْضَ اَصْحَابِیْ یعنی میں چاہتا ہوں کہ میرے صحابہ میں سے کوئی میرے پاس ہو۔ حاضرین نے حضرت ابو بکر رضی اللہ عنہ کو بلانے کے بارے میں پوچھا تو آپ خاموش رہے، پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے متعلق دریافت کیا تو بھی آپ نے سُکوت فرمایا۔ تیسری بار عرض کی گئی کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو آپ کے پاس بُلالائیں۔ ارشاد فرمایا: ہاں۔ چنانچہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حاضرِ خدمت ہو کر خدمتِ اقدس میں تنہا بیٹھ گئے۔ اب نبی کریم صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے کچھ گفتگو فرمائی جسے سن کر حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے چہرے کا رنگ بدل گیا۔ جب (خلافت کے آخری دنوں میں) باغیوں نے آپ رضی اللہ عنہ کے مکانِ عالیشان کا محاصرہ کر لیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے مجھ سے ایک عہد لیا تھا اور میں اس پر صبر کروں گا۔ (ابن ماجہ، 1/80، حدیث:113، اسنادہ صحیح)

شرح

یعنی (رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے) مجھ سے یہ عہد لیا تھا کہ اگر لوگ تمہیں خلافت سے دستبردار کرانے کی کوشش کریں تو ان کی بات مت ماننا یا پھر یہ وصیت فرمائی تھی کہ میں صبر کروں اور (محاصرہ کرنے والوں سے) لڑائی نہ کروں۔ (لمعات التنقیح، 9/644)

www.dawateislami.net

(35)ام المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا بیان ہے کہ سرکارِ دوعالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مرضِ وفات میں دو مرتبہ ارشاد فرمایا: اِفْتَحُوْا لَهُ الْبَابَ یعنی اس کے لئے دروازہ کھولو۔ ہم نے دروازہ کھولا تو حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ موجود تھے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں قریب بلایا تو وہ آپ پر جھک گئے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے سرگوشی فرمائی۔ جب انہوں نے سر اٹھایا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پوچھا: أَفَهِمْتَ مَا قُلْتُ لَكَ یعنی میں نے جو کہا ہے وہ آپ سمجھ گئے؟ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: جی ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں دوبارہ قریب بلاکر سرگوشی فرمائی اور پھر پوچھا: میں نے جو کہا ہے وہ آپ سمجھ گئے؟ جس پر انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تیسری مرتبہ پھر انہیں قریب بلاکر سرگوشی فرمائی اور پوچھا: أَفَهِمْتَ مَا قُلْتُ لَكَ یعنی میں نے جو کہا ہے وہ آپ سمجھ گئے؟ حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: جی ہاں، میرے کانوں نے آپ کے فرمان کو سنا اور میرے دل نے اسے محفوظ کرلیا۔ اس کے بعد حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے انہیں وہاں سے بھیج دیا۔

(مسند احمد، 10/125، حدیث:26329، **اسنادہ حسن**)

(36) حضرت سیدنا عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک فتنے کا ذکر کرتے ہوئے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ سے متعلق ارشاد فرمایا: يُقْتَلُ فِيهَا هٰذَا مَظْلُومًا یعنی اس فتنے کے دوران انہیں مظلومیت کی حالت میں شہید کردیا جائے گا۔ (ترمذی، 5/395، حدیث:3728، **اسنادہ صحیح**)

(37) حضرت سیدنا ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا: تم میرے بعد اختلاف اور فتنہ دیکھو

www.dawateislami.net

گے۔ ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ ہمیں اس وقت کیا کرنے کا حکم دیتے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عثمانِ غنی رضی اللہ عنہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: عَلَیْکُمْ بِالْاَمِیْرِ وَاَصْحَابِہٖ یعنی (مسلمانوں کے) امیر اور ان کے رُفقاء کو لازم پکڑ لینا۔ (مستدرک، 6/79، حدیث: 4591، **اسنادہ حسن**)

شرح

یعنی اس وقت حضرت عثمان رضی اللہ عنہ خلیفۂ برحق ہوں گے، ان کے ساتھی حق پر ہوں گے۔ تم سب کو امان عثمان کے دامن میں ملے گی۔ (مراٰۃ المناجیح، 8/408)

(38) حضرت سیدنا مُرَّہ بن کعب رضی اللہ عنہ کا بیان ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کچھ فتنوں کا ذکر فرمایا اور ان فتنوں کو بہت قریب بتایا۔ اتنے میں ایک صاحب چادر اوڑھے ہوئے وہاں سے گزرے۔ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ھٰذَا یَوْمَئِذٍ عَلَی الْھُدٰی یعنی اس دن یہ شخص ہدایت پر ہو گا۔ میں نے اٹھ کر دیکھا تو وہ صاحب حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ تھے۔ میں نے ان کا چہرہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے سامنے کر کے پوچھا: آپ ان کے بارے میں فرما رہے ہیں؟ ارشاد فرمایا: نَعَمْ یعنی ہاں۔ (ترمذی، 5/393، حدیث: 3724، **اسنادہ صحیح**)

شرح

یہاں فتنوں سے مراد وہ جنگ و جِدال ہیں جو حضورِ انور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے (وصالِ ظاہری کے) بعد مسلمانوں میں ہونے والے تھے۔ (مراٰۃ المناجیح، 8/401)

(39) سرکارِ دوعالَم (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) حضراتِ ابوبکر و عمر و عثمان رضی اللہ عنہم کے ساتھ اُحد پہاڑ پر تشریف لے گئے تو پہاڑ ہلنے لگا۔ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مبارک

www.dawateislami.net

پاؤں سے ٹھوکر مار کر پہاڑ سے ارشاد فرمایا: اُثْبُتْ اُحُدُ فَاِنَّمَا عَلَيْكَ نَبِيٌّ وَصِدِّيقٌ وَشَهِيدَانِ یعنی اے اُحُد! ساکن ہو جا! تجھ پر ایک نبی، ایک صدیق اور دو شہید موجود ہیں۔ (بخاری، 2/524، حدیث: 3675، ابو داوٗد، 4/280، حدیث: 4651، اسناده صحیح)

شرح

یہ حضرات یا تو اُحُد پہاڑ اور وہاں پر شُہداء کے مزارات کی زیارت کرنے تشریف لے گئے تھے یا ویسے ہی سیر و سیاحت کے لیے چڑھے تھے، پہاڑ خوشی میں وَجد کرنے اور ہلنے لگا کہ آج مجھ پر ایسے قدم آئے ہیں۔ معلوم ہوا کہ اللہ کے مقبول بندے ولی ساری خَلْقَت کے محبوب ہوتے ہیں، ان کی تشریف آوری سے سب خوشیاں مناتے ہیں، انہیں پتھر اور پہاڑ بھی جانتے ہیں۔ یہ بھی معلوم ہوا کہ حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) سب کے انجام سے خبر دار ہیں کہ فرمایا: ان میں سے دو صحابہ شہید ہو کر وفات پا جائیں گے۔ (مراٰۃ المناجیح، ج8، ص408)

امام ابنِ مُلَقِّن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس حدیث سے ان حضرات کی فضیلت ظاہر ہے۔ (التوضیح لشرح الجامع الصحیح، 20/272)

شِهَابُ الْمِلَّةِ وَالدِّين امام احمد بن محمد خَفَاجی مصری حنفی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: اُحُد پہاڑ کا ہلنا یا تو اللہ کے حبیب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہیبت اور اللہ پاک کے خوف کے سبب تھا یا پھر اتفاق سے ان حضرات کی تشریف آوری کے وقت زلزلہ آگیا تھا جس کی وجہ سے پہاڑ ہلنے لگا۔ سرکارِ دو عالَم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہاڑ کو ساکن رہنے اور حرکت نہ کرنے کا حکم فرمایا۔ اللہ پاک نے پہاڑ میں سمجھ بوجھ اور زندگی پیدا فرمائی تھی کیونکہ پہاڑ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا حکم سنا بھی اور اس کی تعمیل بھی کی۔ (نسیم الریاض، 4/36)

www.dawateislami.net

امام ابن حجر مکی ہیتمی شافعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اُحُد پہاڑ کا ہلنا فخر کی وجہ سے تھا (کہ مجھ پر کن عظیم ہستیوں کے قدم پڑے ہیں)۔(فتح الالٰہ، 10/584)

ایک ٹھوکر میں اُحُد کا زَلزلہ جاتا رہا
رکھتی ہیں کتنا وقار اللہ اکبر ایڑیاں (حدائقِ بخشش، ص87)

(40) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ایک جنازہ لایا گیا لیکن آپ نے اس کی نمازِ جنازہ ادا نہیں فرمائی۔ صحابۂ کرام علیہم الرضوان نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے اس سے پہلے نہیں دیکھا کہ آپ نے کسی کی نمازِ جنازہ ترک فرمائی ہو۔ ارشاد فرمایا: اِنَّهُ كَانَ يُبْغِضُ عُثْمَانَ فَاَبْغَضَهُ اللهُ یعنی یہ شخص عثمانِ غنی سے دشمنی رکھتا تھا تو اللہ پاک بھی اس سے دشمنی رکھتا ہے۔

(ترمذی، 5/396، حدیث:3729، **اسنادہ ضعیف**)

شرح

حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا میت پر نمازِ جنازہ ادا کرنا میت کے لئے دعا اور شفاعت پر مشتمل ہوتا ہے اور وہ شخص (اپنے اس گناہ کے باعث) اس سعادت سے محروم رہا، اللہ پاک کی پناہ۔ اس حدیث شریف میں یہ ذکر نہیں ہے کہ سرکارِ مدینہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دوسروں کو بھی اس شخص کی نمازِ جنازہ پڑھنے سے منع فرمادیا، ممکن ہے کہ آپ نے خود اس کی نمازِ جنازہ نہ پڑھی ہو اور دوسرے حضرات نے پڑھ لی ہو جیسا کہ ایک مقروض شخص کے بارے میں منقول ہے۔(نسیم الریاض، 4/525)

www.dawateislami.net

اللہ کریم "اربعینِ عثمانی" کو قبول فرمائے، اسے مُؤَلِّف، اس کے والدین، اہلِ خانہ اور تمام احباب کے لئے مغفرت کا سبب بنائے۔ آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

رُک جائیں مرے کام حسنؔ ہو نہیں سکتا
فیضان مددگار ہے عثمانِ غنی کا

(ذوقِ نعت، ص81)

www.dawateislami.net

سُنّت کی بہاریں

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ تبلیغِ قران وسُنَّت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کے مہکے مہکے مَدَنی ماحول میں بکثرت سُنّتیں سیکھی اور سکھائی جاتی ہیں، ہر جُمعرات مغرِب کی نَماز کے بعد آپ کے شہر میں ہونے والے دعوتِ اسلامی کے ہفتہ وار سُنَّتوں بھرے اجتماع میں رِضائے الٰہی کیلئے اچّھی اچّھی نیّتوں کے ساتھ ساری رات گزارنے کی مَدَنی التجا ہے۔ عاشِقانِ رسول کے مَدَنی قافِلوں میں بہ نیّت ثواب سُنَّتوں کی تربیّت کیلئے سفر اور روزانہ **فکرِ مدینہ** کے ذَرِیعے **مَدَنی اِنعامات** کا رِسالہ پُر کر کے ہر مَدَنی ماہ کے ابتِدائی دس دن کے اندر اندر اپنے یہاں کے ذِمّے دار کو جَمع کروانے کا معمول بنا لیجئے، اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اِس کی بَرَکت سے پابندِ سنّت بننے، گُناہوں سے نفرت کرنے اور **ایمان کی حفاظت** کیلئے کُڑھنے کا ذِہن بنے گا۔

ہر اسلامی بھائی اپنا یہ ذِہن بنائے کہ" **مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشِش کرنی ہے۔**" اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ اپنی اِصلاح کی کوشِش کے لیے "**مَدَنی اِنعامات**" پر عمل اور ساری دنیا کے لوگوں کی اِصلاح کی کوشِش کے لیے "**مَدَنی قافِلوں**" میں سفر کرنا ہے۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ





دعوتِ اسلامی کے شب و روز
For More Updates
news.dawateislami.net

فیضانِ مدینہ، محلّہ سوداگران، پرانی سبزی منڈی، باب المدینہ (کراچی)
UAN: +92 21 111 25 26 92 Ext: 2650
Web: www.dawateislami.net / Email: ilmia@dawateislami.net